الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ط بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

# روز مرہ پیش آنے والی گفتگو

## خاکہ نمبر1:

امینہ :السلام علیکم

سکینہ ! وعلیکم السلام

امینہ ! آپ کی طبیعت ٹھیک ہے ؟

سکینہ ! الحمدللہ اور آپ کیسی ہے ؟

امینہ ! الحمدللہ۔

امینہ ! تشریف رکھیے۔

سکینہ ! جزاک اللہ

امینہ ! چائے پیئیں گی یا بوتل ؟

سکینہ ! بارک اللہ ،سادہ پانی پلادیں۔

سکینہ ! مجھے اجازت ہے میں جاؤں ؟

امینہ ! پھر کب آئیں گی ؟

سکینہ ! ان شا اللہ امتحانات کے بعد۔

## خاکہ نمبر2:

امینہ ! آپ کی عمر کتنی ہے ؟

سکینہ ! میری عمر26 سال ہے۔اور آپ کی عمر کتنی ہے ؟

امینہ ! میری عمر29 سال ہے۔

امینہ ! آپ کے کتنے بھائی ہیں؟

سکینہ ! دو بڑے ایک چھوٹا۔



امنیہ ! الحمد للہ میرے بھی چھوٹے دو بھائی اور ایک بہن ہے ؟

سکینہ !آپ سے بڑی بہن ہے ؟

امینہ ! نہیں میں ہی بڑی ہوں۔

امینہ ! آپ کا گھر کہا ہے ؟

سکینہ ! قریب ہے۔

امینہ ! ماشا ء اللہ

مینہ ! آپ کے والدین حیات ہیں؟

سکینہ الحمد للہ

امینہ ! ہر اتوار میرے گھر اسلامی بہنوں کا اجتماع ہو تا ہے آپ تشریف لائے گا۔

سکینہ ! ان شا اللہ میں کوشش کروں گی۔

سکینہ ! اب وقت زیادہ ہو گیا میں جاؤں ؟

امینہ ! گھر جانے کی بہت فکر ہے ؟

سکینہ ! امی انتظار کر رہی ہوں گی۔

امینہ ! جزاک اللہ آپ سے ملاقات کر کے مجھے بہت خوشی ہوئی۔

## خاکہ نمبر3:

امینہ ! ہم پر کتنی نمازیں فرض ہیں ؟

سکینہ ! پانچ نمازیں فرض ہیں۔

امینہ ! ان کے نام بتائیے۔

سکینہ ! فجر ،ظہر ،عصر ،مغرب ،عشاء

امینہ ! نمازِ عشاء کا وقت کتنے بجے شروع ہو تا ہے ؟

سکینہ ! نمازِ عشاء کا وقت 9:00 ہے۔

## خاکہ نمبر4:

امینہ ! آج کیا پکائیں ؟

سکینہ ! آج گوشت پکالیں۔

امینہ ! گوشت کل پکائیں گے۔

سکینہ ! کل تو منگل ہے گوشت کی دکان بند ہو گی۔

امینہ ! آج سبزی پکالیتے ہیں۔

امینہ ! آپ صبح کیا کھاتی ہو ؟

سکینہ ! انڈا پراٹھا کھاتی ہوں۔

اور آپ کیا کھاتی ہو ؟

امینہ ! میں چائے پاپے کھاتی ہوں

## خاکہ نمبر5 :

سکینہ ٹائم کیا ہوا ہے ؟

امینہ ! 1 بج کر30منٹ۔

سکینہ ! ڈیڑھ بج گیا ہے ؟

امینہ ! جی ڈیڑھ بج گیا ہے۔

سکینہ ! آپ کی گھڑی میں کیا ٹائم ہے ؟

امینہ ! میری گھڑی میں 1 بج کر 45منٹ ہوئے ہیں۔

سکینہ ! آپ کی گھڑی 15منٹ آگے ہے۔

عابدہ ! 5منٹ کم 10منٹ زیادہ کوئی بات نہیں۔

سکینہ ! ایک ایک منٹ بہت قیمتی ہے۔

امینہ ! وقت کی پابندی ہونی چاہیئے۔نہ ایک منٹ زیادہ،نہ ایک منٹ کم۔

سکینہ ! میں کوشش کروں گی ان شا اللہ



# ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماع کے بعد ملاقات

(خاکہ 6 )

مبلغہ دعوتِ اسلامی: السلام علیکم: پیاری بہن آپ کا نام کیا ہے ؟

اسلامی بہن: میرا نام آمنہ ہے۔

مبلغہ دعوتِ اسلامی: ماشآء اللہ عزوجل بہت اچھا نام ہے۔میرا نام فاطمہ ہے۔آپ کس علاقے سے تشریف لائی ہیں؟؟

آمنہ: میں کلفٹن (کراچی) سے آئی ہوں۔

فاطمہ: ماشآء اللہ عزوجل ! رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ واٰلہٖ وسلم نے فرمایا: جو علم کی تلاش میں کسی راستے پر چلتا ہے تو اللہ تعالی اس کے لیے جنت کا راستہ آسان فرما دیتا ہے اور بے شک فرشتے طالبِ علم کے عمل سے خوش ہو کر اس کے لیے پَر بچھا دیتے ہیں اور بے شک زمین و آسمان میں رہنے والے یہاں تک کہ پانی میں مچھلیاں عالم دین کے لیے استغفار کرتی ہیں تو آپ بھی علمِ دین کی برکتیں حاصل کرنے کے لیے سنتوں بھرے اجتماع میں پابندی سے شرکت کرتی رہیں۔

آمنہ: ان شاءاللہ میں کوشش کروں گی۔

فاطمہ۔ماشآء اللہ عزوجل ! آپ دوبارہ رابطے کے لیے اپنا ایڈریس لکھا دیں تو کرم نوازی ہو گی۔

آمنہ۔جی

# طالبِ علم سے ملاقات(حصہ 1)

مبلغہ دعوتِ اسلامی: السلام علیکم: پیاری اسلامی بہن آپ کا کیا نام ہے ؟

اسلامی بہن: میرا نام زینب ہے۔

مبلغہ دعوتِ اسلامی: ماشاء اللہ عزوجل بہت اچھا نام ہے ہمارے پیارے آقا صلی اللہ تعالی علیہ واٰلہٖ وسلم کی نواسی کا نام بھی زینب تھا۔

میرا نام سکینہ عطاریہ ہے۔آپ کس کلاس میں پڑھتی ہیں ؟

زینب: میں سکینڈ ائیر میں پڑھتی ہوں۔آپ کس کلاس میں پڑھتی ہیں ؟؟

سکینہ: میں ایم اے اسلامیات کر رہی ہوں۔ پیاری بہن میں نے اس بات پر غور کیا کہ آج ہم دنیاوی علوم کے لیے کس قدر کوشش کرتے ہیں، جب امتحان کا وقت قریب آتا ہے تو اپنے ہر طرح کے کھیل کود، دوستوں سے گپ شپ کرنے کو خیر باد کہہ کر فقط پڑھائی میں مشغول ہو جاتے ہیں اور ضرورت پڑنے پر رات بھر جاگ کر پڑھنے سے بھی گریز نہیں کرتے۔ اگر اتنا کچھ کرنے کے باوجود اگر امتحان میں فیل ہو جائیں تو ہمت ہارے بغیر ضمنی امتحان کی تیاری میں لگ جاتے ہیں۔ لیکن ذرا غور تو کیجیے! اس امتحان میں ناکامی کی صورت میں زیادہ سے زیادہ یہ ہو گا کہ ہمیں اگلی کلاس میں بیٹھنے سے روک دیا جائے گا۔ لیکن ایک امتحان محشر میں بھی ہونا ہے اور میدانِ محشر تو وہ امتحان گاہ ہے جس کے بارے میں کہا گیا کہ انسان اس وقت تک قدم نہ ہٹا سکے گا جب تک ان 5 سوالات کے جوابات نہ دے دے۔

(1) تم نے زندگی کیسے بسر کی؟

(2) جوانی کس طرح گزاری؟

(3) مال کہاں سے کمایا؟

(4) کہاں کہاں خرچ کیا

(5) اپنے علم کے مطابق کہاں تک عمل کیا؟

گویا ہماری عمر بھر کی کمائی کا حساب لیا جائے گا اور جوابات صحیح نہ دینے کی صورت میں جہنم کی اتاہ گہرائیوں میں ڈال دیا جائے گا۔ جس کے بارے میں نبیٔ کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم نے فرمایا دوزخیوں میں سب سے ہلکا عذاب جس کو ہو گا اُسے آگ کے جوتے پہنائے جائیں گے جس سے اُس کا دماغ کھولنے لگے گا۔

**زینب: واقعی آپ نے درست فرما رہی ہیں۔ لیکن اس دور میں کس کو پڑی ہے کہ ہمیں دین کی باتیں سکھائے؟ کوئی سیکھنا بھی چاہے تو کیسے سیکھے؟؟**

سکینہ: پیاری اسلامی بہن! اس بارے میں مایوس ہونے کی ضرورت نہیں۔ الحمد للہ عزوجل! اس پُر فتن دور میں دعوتِ اسلامی اس فریضے کو بخوبی احسن سر انجام دے رہی ہے چنانچہ ہر بدھ کو خصوصی اسلام بہنوں کا اجتماع ہوتا ہے وہاں انہیں اشارے میں درس و بیان کی ترکیب بنائی جاتی ہے۔ آپ میرے ساتھ اس اجتماع میں شرکت کیجیے گا۔

زینب: ان شاء اللہ عزوجل میں بھی ضرور شرکت کروں گی۔

سکینہ: آپ اپنا رابطہ نمبر اور ایڈریس لکھوا دیں۔

زینب: جی لکھیے۔۔

## طالبِ علم سے ملاقات(بعدِ اجتماع) (حصہ 2)

سکینہ: السلام علیکم: پیاری بہن آپ کا نام کیا ہے؟

زینب: وعلیکم السلام

سکینہ: کیسا لگا آپ کو ہمارا اجتماع؟

زینب: جیسا آپ سے سنا تھا ویسا ہی پایا۔ اب تو دل کرتا ہے ان اسلامی بہنوں کے ساتھ ہی رہوں۔

سکینہ: اچھا! اس میں مشکل کیا ہے؟ ہماری اسلامی بہنیں ہر منگل خصوصی اسلامی بہنوں پر انفرادی کوشش کرنے کے لیے علاقائی دورہ برائے نیکی کی دعوت میں جاتی ہیں۔ آپ بھی ان کے ساتھ جایئے گا۔ آپ کو پتا ہے نیکی کی دعوت کی بڑی فضیلت ہے کہ "جنّت الفردوس خاص اس شخص کے لیے ہے جو نیکی کی دعوت دے اور برائی سے منع کرے۔"

زینب: سبحٰن اللہ عزوجل! میں بھی ضرور چلوں گی۔ لیکن امتحان قریب آچکے ہیں۔ لہٰذا امتحان کے فوراً بعد نیکی کی دعوت میں شرکت کروں گی۔

سکینہ: امتحان کے بعد چونکہ فرصت کے ایّام ہوتے ہیں۔ لہٰذا آپ ہر ہفتے ہمارے ساتھ علاقائی دورہ برائے نیکی کی دعوت میں شرکت کیجیے گا۔

زینب: ان شاء اللہ عزوجل سکینہ: آیئے کچھ اسلامی بہنوں سے آپ کی ملاقات کراؤں۔

زینب: کیوں نہیں چلیئے۔۔۔

## خصوصی اسلامی بہن کے گھر جا کر انفرادی کوشش

(خاکہ 9)

مبلغہ (سکینہ)۔السلام علیکم: آپ کی طبیعت ٹھیک ہے؟

خصوصی۔الحمد للہ! میں ٹھیک ہوں۔

مبلغہ (سکینہ): آپ انام کیا ہے؟

خصوصی۔ میرا نام فاطمہ ہے۔

مبلغہ (سکینہ): ماشاء اللہ عزوجل بہت پیارانام ہے۔ ہمارے پیارے آقا صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم کی پیاری شہزادی کانام بھی فاطمہ تھا۔

فاطمہ۔ آپ بھی ڈیف ہیں؟

سکینہ۔ نہیں۔الحمد للہ عزوجل! میں عمومی (بول اور سن سکتی) ہوں۔

فاطمہ۔ آپ اشارے میں بات کر رہی ہیں۔ کہاں سے سیکھی؟ آپ کے گھر بھی کوئی ڈیف ہے؟

سکینہ۔ نہیں میرے گھر میں کوئی ڈیف نہیں۔ لیکن دعوتِ اسلامی میں اشاروں کی زبان سکھائی جاتی ہے۔ الحمد للہ عزوجل! شیخِ طریقت، امیر اہلسنّت خصوصی اسلامی بھائیوں (بہنوں) سے بہت محبت فرماتے ہیں۔

فاطمہ۔اچھا! میں بول اور سن نہیں سکتی مجھ سے کوئی بات نہیں کر تالیکن آپ سے بات کر کے مجھے اچھالگا۔۔۔

سیکنہ۔اچھا!ہم دعوتِ اسلامی کی طرف سے حاضر ہوئی ہیں۔ آپ کو نیکی کی دعوت دینے۔

الحمد للہ عزوجل! دعوتِ اسلامی کے مدنی ماحول میں بکثرت سنتیں سیکھی اور سکھائی جاتی ہیں۔ ہر بدھ کو گونگی بہری اسلامی بہنوں کا اجتماع ہوتا ہے اس سنتوں بھرے اجتماع میں گونگی بہری اسلامی بہنیں بھی شریک ہوتی ہیں۔ ایک مبلغہ اسلامی بہن اشاروں کی زبان میں بیان سمجھانے کیساتھ ساتھ اشاروں میں نعت وغیرہ سمجھانے کی ترکیب بناتی ہیں۔ آپ بھی شرکت فرمایئے گا۔

فاطمہ۔ میری امی کا ذہن بنائیں کہ وہ مجھے لے کر جائیں۔

سکینہ۔جی آپ کی امّی آپ کو اپنے ساتھ لے کر آئیں گی۔ میں نے رابطہ نمبر بھی لے لیا ہے اگر وہ آپ کو نہ لا سکیں تو میں آجاؤں گی آپ کو لینے۔

فاطمہ۔ان شاء اللہ ! ٹھیک ہے۔

سکینہ۔ مجھے اجازت میں چلتی ہوں۔السلام علیکم